صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 25 مارچ 2016ء بمطابق 15 جمادی الثانی 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ۔

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَٰلُكُمْ وَلَآ أَوْلَٰدُكُمْ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ الْخَٰسِرُونَO وَأَنفِقُوا۟ مِن مَّا رَزَقْنَٰكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِىَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَآ أَخَّرْتَنِىٓ إِلَىٰٓ أَجَلٍ قَرِيبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُن مِّنَ الصَّٰلِحِينَO وَلَن يُؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا إِذَا جَآءَ أَجَلُهَا ۚ وَاللّٰهُ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ۔

(ترجمہ): مومنو! تمہارا مال اور اولاد تم کو خدا کی یاد سے غافل نہ کر دے۔ اور جو ایسا کرے گا تو وہ لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیں۔ اور جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس (وقت) سے پیشتر خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کی موت آ جائے تو (اس وقت) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار تو نے مجھے تھوڑی سی اور مہلت کیوں نہ دی تاکہ میں خیرات کر لیتا اور نیک لوگوں میں داخل ہو جاتا۔ اور جب کسی کی موت آ جاتی ہے تو خدا اس کو ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس سے خبردار ہے۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ یہ ایجنڈا میں، میں کچھ ترمیم لا رہا ہوں، 8 نمبر ایجنڈا کو میں ٹاپ پر لاتا ہوں، باقی اس کی ترتیب اس کے مطابق ہو گی۔ مسٹر عارف یوسف، پلیز۔

ہنگامی قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن مجریہ 2016 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Arif Yousaf (Special Assistant for Law): Thank you, Sir. I, on behalf of the honourable Chief Minister, beg to lay the Khyber Pakhtunkhwa, Public Service Commission (Amendment) Ordinance, 2016, in the House.
Mr. Speaker: It stands laid.

ہنگامی قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا جامعات مجریہ 2016 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Item No. 09, Arif Yousaf, please.
Special Assistant for Law: Thank you, Sir. I, on behalf of the honourable Chief Minister, lay the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Ordinance, 2016, in the House.
Mr. Speaker: It stands laid.

ہنگامی قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا میڈیکل ٹیچنگ انسٹی ٹیوشنز ریفارمز مجریہ 2016 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Item No. 10: Arif Yousaf, please, Mr. Shahram, Item No. 10.
Mr. Shahram Khan (Senior Minister for Health): Thank you, Speaker Sahib. I intend to lay in the House the Khyber Pakhtunkhwa, Medical Teaching Institutions Reforms (Amendment) Ordinance, 2016, please.
Mr. Speaker: It stands laid.

ہنگامی قانون بابت خیبر پختونخوا نوادرات مجریہ 2016 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Item No. 11: Mr. Arif Yousaf, please.
Special Assistant for Law: Thank you, Sir. I, on behalf of the honourable Chief Minister, introduce the Khyber Pakhtunkhwa Antiquities, Bill 2016, in the House.
Mr. Speaker: It stands introduced.

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ برائے سال 2012-13 کی مدت میں توسیع

Mr. Speaker: Item No. 12: Mr. Qurban, Item No. 12, please.

Mr. Qurban Ali Khan: I, on behalf of the Chairman Public Accounts Committee, intend to move under rule 161 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, that the time for presentation of the report of PAC may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House, thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to the honourable Member, to present the report of the Public Accounts Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted.

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ برائے سال 2012-13 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 13: Mr. Qurban, please.

جناب قربان علی خان: تهینک یو، سر۔ دې نه لږ اول به زه یو نیم منټ به واخلم۔ دیکښې مونږه دا رپورټ چې کله دغه کړے وو، دا مونږه په ډیر سخت وخت کښې دغه کړے وو او ایبټ آباد کښې مونږه د هغه چا خبره چې سره د کډو ورته تلی وو او دې باندې مونږه ډیر زیات غور کړے وو۔ دیکښې خاصکر زمونږ سره امجد خان او ایډیشنل سیکرټری انعام الله خان ډیر بهرپور تعاون، تاسو ته به د دې پته هم وی، تاسو هم د دې ځائې نه مونږه سره بنه سپورټ وو خو هغه کافی مونږه په ګرانه دغه کړے وو او دیکښې اصل کښې لږ لیټ ځکه شوے وو چې دا 2011-12 under consideration وو نو ځکه دا زمونږ نه لږ لیټ شوے وو خو بهرحال ما تاسو ته د دې وړوکې غوندې دغه ځکه اوکړو، خو زه به دا اوس تاسو ته پیش کړم، تهینک یو۔

I, on behalf of Chairman Public Accounts Committee, intend to present the report of the Public Accounts Committee for Audit Year 2012-13, in the House. Thank you.

Mr. Speaker: It stands presented.

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ برائے سال 2012-13 کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 14: Mr. Qurban Ali Khan Sahib, please.

Mr. Qurban Ali Khan: I, on behalf of the Chairman, Public Accounts Committee, intend to move that the report of the Public Accounts Committee for the Audit Year 2012-13 may be adopted, thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of the Public Accounts Committee for the Year 2012-13 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

ساتویں این ایف سی ایوارڈ پر عملدرآمد کی دوسری ششماہی رپورٹ کا پیش کیا جانا

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر فا فنانس، آئٹم نمبر 15۔

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق (3B) 160 کی روشنی میں ساتویں این ایف سی ایوارڈ پر عملدرآمد پر نگرانی کے ضمن میں مالی سال 2014-15 کی دوسری ششماہی رپورٹ برائے جنوری تا جون 2015 اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: It stands laid. 'Question`s Hour'-----

جناب محمود احمد خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی بیٹنی صاحب، محمود بیٹنی۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی سپیکر صاحب۔ زه ستاسو توجه یو اهم مسئلې د پاره، مسئلې ته وړاندې کوم سپیکر صاحب، تاسو ته پته ده چې د فنانس ډیپارټمنټ نه د ریلیز ډیره غټه ایشو شروع ده په دې صوبې کښې او روز په اخبارونو کښې راځي، مونږ نه پوهیږو چې آیا دې فنانس ډیپارټمنټ کښې واقعی د ریلیز مسئله ده یا د بیوروکریسی یو خپل چال دے؟ سپیکر صاحب، که تاسو اوګورئ په دې کال اے ډی پی کښې----

جناب سپیکر: اردو میں اگر بولیں تو بہتر ہوگا۔

جناب محمود احمد خان: سپیکر صاحب! اگر آپ دیکھ لیں اس سال میں جو اے ڈی پی استعمال ہوئی ہے، روز اخباروں میں آتا ہے کہ ریلیز اس کا پرابلم ہے، ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ واقعی فنانس میں پیسوں کی کمی ہے یا

بیوروکریسی اپنا چال چلا رہی ہے کیونکہ یہ صوبائی حکومت کا بہت بڑا ایشو ہے جو آج کل چل رہا ہے کیونکہ جس ڈیپارٹمنٹ میں آپ جائیں، آپ ایریگیشن جائیں، کہتے ہیں ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں، ریلیزز نہیں ہیں، آپ ایجوکیشن میں جائیں، وہ کہتے ہیں ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں، آپ سی اینڈ ڈبلیو میں جائیں، وہ کہتے ہیں، ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں، وزیر خزانہ صاحب بیٹھیں ہیں اس ہاؤس کو بتادیں کہ واقعی آیا ریلیزز کا پرابلم ہے، وفاق پیسے نہیں دے رہایا بیوروکریسی اتنی حاوی ہو گئی اس صوبائی حکومت پہ کہ ادھر کی فائلیں ادھر پھینکتی ہے جناب سپیکر! یہ ہمارا، آپ کا، سب کا ایشو ہے، ہر ڈسٹرکٹ میں یہی پرابلم چل رہا ہے، پورے صوبے میں لوگوں نے کام چھوڑ دیا ہے، آپ سے ریکویسٹ ہے کہ آپ کمیٹی بنادیں کہ ہمیں یہ وزیر خزانہ کا ڈیپارٹمنٹ بریفنگ دے دے کہ یہ بیوروکریٹس آجائیں کہ واقعی کتنا فنڈ ہے، کتنا Use ہو چکا ہے، کتنا ہمارے پاس ہے، کتنا وفاق نے دینا ہے؟ ہم آپ کے ساتھ تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں۔ کم از کم اس ہاؤس کو، ان ممبران کو یہ پتہ چل جائے۔ روز اخباروں میں آتا ہے، ٹھیکیداروں نے کام چھوڑ دیا ہے، آپ ڈی آئی خان کی حالت دیکھیں، روڈ شروع ہے، ابھی تک آدھا روڈ ہو گیا ہے، آدھا ختم ہو گیا ہے۔ اس طرح آپ کے حلقے میں، میرے حلقے میں، سب حلقوں میں یہ پرابلم ہے، ہمیں بتادیں آپ کے پیسے ہیں کہ ختم ہو گئے ہیں، کدھر چلے گئے ہیں، کہاں ہیں؟ اگر ہیں تو پھر ہمیں، سب ممبرانوں کو بریفنگ دی جائے کہ یہ پیسے کدھر پڑے ہیں؟ تھینک یو سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: منسٹر فنانس، پلیز۔

<u>وزیر خزانہ</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ بیٹنی صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، اپنی جگہ پہ ان کا جو Intention ہے، سوچ ہے، فکر ہے، وہ بالکل درست فرمارہے ہیں، یہ نکتہ تو ان کو بھی، جب میں نے این ایف سی اور اس کی بات کی ادھر تو ان کو بھی سامنے آگیا اور یہ واقعی مرکز سے جو ہم بات کرتے ہیں، ہمیشہ یہی بات کرتے ہیں۔ ہم نے جو صوبے کے حقوق کی بات کی، میں اپوزیشن کی تمام جماعتوں کا، لیڈرشپ کا، پولٹیکل لیڈرشپ کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہر موقع پر تعاون کیا ہے اور مرکز اور صوبے کے درمیان جو MoU سائن ہو چکی ہے، وہ بھی Consensus سے ہوئی ہے اور مجھے یقین ہے کہ مرکز نے اس حوالے سے بڑی ایک فراخدلی کا مظاہرہ کیا ہے۔ میں پرویز خٹک صاحب، اس کی ٹیم اور سارے سینیئر منسٹر حضرات اور یہ سارے اسی Delegation میں، اس میں بار بار وہ وہاں شریک ہو چکے ہیں، ان کو معلومات ہیں، اسی لئے ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جو Current year کے 25 ارب کا انہوں نے وعدہ

کیا ہے اور بالکل یہ Decided ہے تو Current year میں اگر وہ ہمیں آ جائیں، ابھی ابھی تو میرے خیال میں ایک کافی حد تک اس پہ قابو پایا جا سکتا ہے لیکن موجودہ 142 ارب کے Against جو ہم نے 81 ارب تقریباً ریلیز کئے ہیں اور ریلیز ز 57 پرسنٹ تقریباً ہم نے Allocated ADP کے Against ریلیز ز کئے ہیں۔ میں ایک بات ضرور کرتا ہوں، Align departments کو میں Instruct کرتا ہوں کہ ان کو چاہیے کہ وہ Reappropriation کریں، ان کو مد میں جو پیسہ ریلیز ہوا ہے، وہ تو 100 percent strain ہونا چاہیئے، یہ ان کی یہ بات بھی اپنی جگہ پہ درست ہے لیکن جہاں تک پورے ریلیز ز کا اس میں، تو سی ایم صاحب نے اس حوالے سے سینیئر منسٹر حضرات اور تمام Align departments کو اور تمام کو بٹھایا ہے اور انہوں نے ان سے فگرز بھی لئے ہیں، ڈیمانڈز بھی لی ہیں، مجھے یقین ہے، میں ہاؤس کو Ensure کراتا ہوں کہ اسی ہفتے کے اندر یہ مسئلہ حل ہو جائے گا اور مجھے یقین ہے کہ اس پہ کام، لیکن ایک بات، یہ ہاؤس، یہ صوبہ، ہم ایک Page پہ ہیں، آپ سے کوئی چیز چھپی نہ رہے گی، یہ اے ڈی پی بھی آپ ہی پاس کرتے ہیں اور آپ کا ایک پکچر لینا میرے خیال میں یہ اچھی بات ہے، تو Consensus سے ہم اس ہاؤس کو بھی چلائیں گے اور میں آپ کی اس بات سے بھی متفق ہوں کہ بہت جلد ایک ایسی نشست کو ہم رکھیں گے کہ ہم مرکز سے صوبے کی اندرونی جو بھی ہماری فنانشل پوزیشن ہے، اس کو ہم ایک دوسرے کے سامنے بالکل رکھیں گے لیکن اس کے بعد کہ May be, on behalf of Wizir Aala یہاں پہ اگر تشریف فرما ہوتے تو ان کو بھی یہی انسٹرکشن دینی چاہیے، میں ان کو بھی Suggest کرتا ہوں اپنی طرف سے کہ جو پیسہ ان کو Allocate کیا گیا ہے، وہ 100 percent spent کریں، اس میں کوئی وہ نہیں ہو گی اور جو فنانس ڈیپارٹمنٹ اپنی طرف سے جو ان کی مشکلات ہیں، وہ بھی ان شاء اللہ ہم ہاؤس کے سامنے بھی لائیں گے، آپ کے سامنے بھی لائیں گے لیکن ہاؤس کو میں یقین دہانی دلاتا ہوں کہ ان شاء اللہ اس سال ہم کوشش کرینگے کہ جون تک ہم اپنی اے ڈی پی کا 90 percent سے زیادہ ہم Spent کریں تو ان شاء اللہ ریلیز ز بھی ہونگی، طریقے سے ہونگی، آپ بالکل بے فکر رہیں، جو ہماری مشکلات ہوں، آپ کے سامنے ہی رکھیں گے اور آپ سے کوئی چیز ڈھکی چھپی نہیں رہے گی، ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: مولانا لطف الرحمان صاحب، مولانا صاحب۔ اٹینشن پلیز، مسٹر شہرام خان! اٹینشن۔

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ وزیر خزانہ صاحب نے جو بات کی ہے کہ ہم جون تک 90 پرسنٹ بجٹ جو ہے، کوشش ہماری ہوگی کہ ہم خرچ کریں گے۔ جو ہماری انفارمیشن ہے جناب سپیکر! وہ یہ ہے کہ اب تک 17 پرسنٹ بجٹ خرچ نہیں ہو سکا ہے۔

جناب سپیکر: کتنا؟

قائد حزب اختلاف: 17 پرسنٹ اور بیٹنی صاحب کا جو سوال ہے، وہ اپنی جگہ پر موجود ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم! آپ پلیز، آپ تھوڑا توجہ دیں، یہ اتنا نہیں ہے ٹائم۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: کہ وہاں ان کو بتایا جاتا ہے کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں۔ جو سیچویشن ہے وہ یہ ہے کہ 17 پرسنٹ بجٹ اب تک خرچ نہیں ہو سکا اور جیسے منسٹر صاحب نے فرمایا کہ 90 پرسنٹ تک بجٹ ہم خرچ کریں گے تو مجھے ذرا بتایا جائے کہ جون تک 90 پرسنٹ بجٹ کس طریقے سے خرچ ہوگا، وہ کونسی کوئی جادو کی چھڑی ہوگی کہ جس کی بنیاد پر 90 پرسنٹ بجٹ آپ خرچ کر سکیں گے؟ اور سپیکر صاحب! مجھے ذرا حیرانی اور بھی ہو رہی ہے کہ یہ آرڈیننس جو آ رہا ہے، اس کی ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ اسمبلی موجود ہے، اسمبلی کے اجلاس چل رہے ہیں اور آ رہا ہے آرڈیننس، تو یہ آرڈیننس کی بھی ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ یہ آرڈیننس کدھر سے آ رہا ہے، کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ جب آپ گورنر تھے اور آپ نے آرڈیننس کے ذریعے جو ہے نا، یہ کام شروع کیا ہے؟ تو اسمبلی موجود ہے، آرڈیننس نہیں ہونا چاہیئے تھا، باقاعدہ اسمبلی کے تھرو ایک چیز آتی ہے، تو یہ اب جو ضرورت نہیں تھی اور بیچ میں جو آپ کو تھوڑا بہت Gape ملا ہے، اس میں آپ آرڈیننس کے تھرو جو ہے احکامات وہ Implement کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو یہ ایک جو ہے، اس میں ایک یونیورسٹی کا مسئلہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! وضاحت کروں کہ اس وقت اسمبلی سیشن میں نہیں تھی۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: ایک سیکنڈ، وہ ٹھیک ہے لیکن اس سے فائدہ اٹھایا گیا، میں سمجھتا ہوں کہ یہ صحیح نہیں ہے کہ وہ Gape اتنا بڑا نہیں ہے کہ جس میں آرڈیننس آنے کی ضرورت پڑے، تو جو یونیورسٹی کے حوالے سے ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ٹھیک ہے ابھی تو بل ٹیبل ہوا ہے یا وہ آرڈیننس کے حوالے سے آیا ہے لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ کوئی جلد بازی کی ضرورت نہیں ہے، اس پہ بھی سلیکٹ کمیٹی کو بیٹھنا چاہیئے، ان لوگوں کو اس میں بلانا چاہیئے تاکہ ہم سنیں اور اس کے مطابق جو لیجسلیشن ہو، قانون سازی اس کے مطابق ہو کہ کل کو اس میں مسائل پیدا نہ ہوں اور روزانہ کے حساب سے آپ کے سامنے مسائل آ رہے ہیں، اسی

لیجسلیشن میں جو آپ کر رہے ہیں اور پھر اس کے بعد آپ کو پھر اس میں امنڈ منٹس کرنا پڑتی ہیں۔ شکریہ سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! ہم Monday کو یہ یونیورسٹی ایکٹ پاس کرنے کیلئے لائیں گے، اگر آپ کی اس وقت ریکویسٹ تھی سلیکٹ کمیٹی میں، تو پھر آپ اس دن بات کرلیں، تو چونکہ آج نہیں ہے، Monday کو ہم اس کو وہ کرلیں گے۔ نلوٹھا صاحب۔

قائد حزب اختلاف: وہ ویسے امنڈ منٹس تو آئیں گی اس میں، تو اسی کی بنیاد پہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Two days, two days۔ جی جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ محمود بیٹنی صاحب نے بہت اہم پوائنٹ Raise کیا سر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اور وزیر خزانہ صاحب نے بالکل ادھر ادھر کرکے، تو حقائق سے وزیر خزانہ صاحب! آپ ہاؤس کو آگاہ کریں، اور بیٹنی صاحب نے بھی کہا ہے اور ہم سب آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ جہاں پہ آپ کو مشکل آئے گی، پوری اپوزیشن آپ کے ساتھ ہے، میں چھوٹی سی مثال آپ کو دیتا ہوں کہ آپ ایبٹ آباد، مشتاق غنی صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، منسٹر ہیں، سردار ادریس صاحب، لودھی صاحب، ہم چاروں کا تعلق ایبٹ آباد سے ہے، سی اینڈ ڈبلیو والوں کے پاس اتنا فنڈ نہیں ہے کہ وہ روڈ صاف کرنے کیلئے ہمیں ڈوزر دے دیں جو حالیہ بارشوں سے وہاں پہ تباہی ہوئی ہے، جب ہم نے ڈی سی صاحب سے بات کی، وہ کہتا ہے ہمارے پاس ایم اینڈ آر کا فنڈ نہیں ہے۔ پبلک ہیلتھ میں آپ دیکھیں تو مشینیں، ٹیوب ویلز کی موٹریں خراب ہیں، پمپس خراب ہیں، اس کا ٹرانسفارمر خراب ہے، تو جب ہم پبلک ہیلتھ والوں سے بات کرتے ہیں وہ کہتے ہیں جی ہمارے پاس ایم اینڈ آر کا فنڈ نہیں ہے، ایک سال سپیکر صاحب! گزر گیا ہے اور جو نئی اے ڈی پی کی سکیمیں ہیں، وہ تو آپ دیکھ لیں، ابھی مولانا صاحب نے حقائق بھی سامنے لائے ہیں کہ کتنا پیسہ خرچ ہوا ہے؟ 17 پرسنٹ پیسہ خرچ ہوا ہے، تو آخری کوارٹر، ابھی ایک کوارٹر رہتا ہے سال کا، اس میں کس طریقے سے آپ 90 پرسنٹ خرچ کرلیں گے؟ تو آپ مہربانی کریں، اگر اس صوبے کا پیسہ جو بجٹ میں پاس ہوتا ہے، اگر وہ پورا پیسہ خرچ ہو جائے تو صوبے کے عوام کے مسائل آسانی سے حل

ہو سکتے ہیں۔ کیا بار بار صوبے کا فنڈ Lapse ہونے کا کوئی ٹھیکہ تو وزیر خزانہ صاحب نہیں اٹھایا ہوا ہے، آپ نے۔

<u>جناب سپیکر</u>: مظفر سید صاحب! آپ ایک وہ کریں، آپ ایک Proper briefing بھی دے دیں اسمبلی کو، ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں پتہ ہو کہ کیا پرابلم ہے، کیا ایشو ہے اور کدھر سے یہ ہے جی؟

<u>جناب مظفر سید (وزیر خزانہ)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اسی لئے میں آپ کی اس تجویز سے، جو آپ نے آرڈرز کئے، ان شاء اللہ اس کی تعمیل کی جائے گی لیکن جہاں تک مولانا محترم نے سوال اٹھایا اور جو نکتہ اٹھایا اور نلوٹھا صاحب نے اس پہ بات کی، مولانا صاحب کے فگرز دسمبر تک انہوں نے لئے ہیں، دسمبر، جنوری، فروری اور مارچ کی End تک، ابھی جو ہم نے وہ Consistant تمام ہم نے انفارمیشن لی ہیں، وہ کافی حد تک بڑھ چکی ہیں تو ان شاء اللہ وہ بھی ہاؤس کے سامنے ہم رکھیں گے لیکن مولانا صاحب کی جو وہ ہے، انہوں نے دسمبر تک وہ فگرز اٹھائے ہیں اور جہاں تک نلوٹھا صاحب کی بات کا تعلق ہے، تو نلوٹھا صاحب! تو میں نے چھیڑ دیا موت یا زندگی کا سوال نلوٹھا صاحب کا میں، میں اس سے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نلوٹھا صاحب Attention آپ کا، آپ کا Response۔۔۔۔۔

<u>وزیر خزانہ</u>: نلوٹھا صاحب بڑے وہ مصروف نظر آرہے ہیں، وہ تو ویسے صحت کا منسٹر ہے، آپ کی صحت تو ماشاء اللہ ٹھیک ہے، تو میں نے چھیڑ دیا موت یا زندگی کا سوال، اب اس سوال کا زندہ جواب ابھریں گے۔ بات یہ ہے کہ ستر ارب روپے کا ہم نے مرکز سے اور پھر اسی سال Current year سے ابھی جو انہوں نے 25 ارب کا وہ کیا ہے، ابھی تک ہمیں ملا نہیں ہے، تو بین السطور میں نے تو بات رکھ دی لیکن میرے ذرا Soft اور نرم الفاظ میں بات رکھ دی کہ ہمیں کچھ ملا نہیں ہے مرکز سے، ان شاء اللہ وہ بھی مل جائیں گے لیکن جہاں تک پورے ہاؤس کو آگاہ کرنا ہے تو ان شاء اللہ ہاؤس کو بھی ہم آگاہ کریں گے، ہاؤس کو بھی بالکل بالکل ایک Thoroughly ہم بریفنگ دینگے کہ پوزیشن کیا ہے؟ کیونکہ یہ تو ہم ایک ہی، اور جہاں تک ایم اینڈ آر کی بات ہے تو میں یہاں سے سی اینڈ ڈبلیو کو جس ضلع کے ایم اینڈ آر کے فنڈز رہ چکے ہیں، میں ان کو ہدایت کرتا ہوں، فنانس کو کہ وہ جلد از جلد فنانس اور یہ رپورٹ ان شاء اللہ ہم اس سے دو تین دن میں لیں گے کہ انہوں نے کس ضلع کے ایم اینڈ آر کے فنڈز جو ان کے Maintenance کے ہوتے ہیں روڈز کے، ٹیوب ویلز وغیرہ کے، اور اگر Release نہیں ہوئے ہیں تو تین دن، چار دن کے اندر ان شاء اللہ اس ضلع تک وہ پہنچ جائیں گے، ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس پہ ڈسکشن ہو گئی اور ہم منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کریں گے کہ ایک Proper briefing بھی Arrange کر دیں تاکہ پارلیمنٹیرینز کو ایک Proper briefing ملے اور ان کو پتہ چلے کہ کیا ایشوز ہیں؟ ابھی روٹین ایجنڈا کی طرف۔۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: زه سر! یو خبره کول غواړم، صرف یو خبره کوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پلیز، آپ بیٹھ جائیں، آپ نے، آپ تھوڑا۔۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: زه جی د دې فناس باره کښې یو خبره کوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: جلدی، ایک منٹ میں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: د فنانس دا کومه خبره ده زمونږ په دیر کښې، په دې لږې ورځې مخکښې دا واورې چې شوې وې نو ټریکټرو کار کړے وو، په ټریکټرو باندې او تاسو په خدائے یقین اوکړئ چې د ایم اینډ آر یوه پیسه په ضلع کښې نشته دے، یوه پیسه نشته دے۔ هغوی دا وائی چار کروړ څه د پاسه وې، په تیر شوی جون کښې ټینډرې شوی دی، تر اوسه پورې دا ایم اینډ آر فنډ زما خیال دے چې دا څو میاشتې پاتې دی نو چې یو نهه میاشتې اوشوې او پیسې نه دی ملاؤ شوی او کار نه دے شوے نو په درې میاشتې کښې به څنګه کیږی چې نهه میاشتې تیرې شوی دی په هغې کښې پیسې نه دی ملاؤ شوی نو دوئ به څنګ کوی؟

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ۔ ابھی آتے ہیں، آئٹم نمبر 2، میڈم عظمیٰ خان۔ 'کوئسچنز آور' ۔

* 2742 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع نوشہرہ میں نیا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال قائم کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں کتنے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس سٹاف، ٹیکنیشن اور کلاس فور بھرتی کئے گئے ہیں، ان تمام بھرتی شدہ افراد کے تعلیمی کوائف کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے، نیز جس جس ضلع سے تعلق رکھتے ہیں، ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس سٹاف، ٹیکنیشن اور کلاس فور افراد کی بھرتیوں کی تفصیل منسلک ہے۔ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر صاحب۔ سر! کوئسچن نمبر 2742، سر! اس کے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مسٹر شہرام، مسٹر شہرام خان، Please attention آپ کا کوئسچن ہے۔ 2742,2742

محترمہ عظمیٰ خان: سر، میں نے کوئسچن کیا تھا کہ نوشہرہ میں ایک نیا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بنایا گیا ہے اور اس کے سٹاف کی تفصیل مانگی تھی جو کچھ یوں ہے کہ ٹوٹل اس میں 230 پوسٹیں Fill up کی گئی ہیں اور اس میں صرف سولہ ڈاکٹرز ہیں، باقی سٹاف ڈاکٹرز کے علاوہ ہے، تو ایک تو مجھے یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ ہستال جو ہے وہ ڈاکٹرز سے چلتے ہیں یا سٹاف سے چلتے ہیں؟ ایک تو یہ بات، اور دوسرا جناب سپیکر! اسی سے Related ثوبیہ شاہد صاحبہ کا کوئسچن ہے اور انہوں نے تمام افراد کے ڈومیسائل اور ٹیسٹ اور انٹرویو کا طریقہ کار پوچھا تھا، صرف بتایا گیا کہ ہم نے انٹرویو لیا ہے، 230 پوسٹیں Fill up ہو رہی ہیں، سپیکر صاحب! اس کیلئے انٹرویو کس نے Conduct کیا، کس نے انٹرویو لیا، آیا کیا ضروری نہیں تھا کہ ڈاکٹرز کے علاوہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مسٹر شہرام خان پلیز، مسٹر شہرام خان۔۔۔۔۔

محترم عظمیٰ خان: ڈاکٹرز کے علاوہ اس پہ کوئی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ کوئسچن میں ساری ڈیٹیل موجود ہے۔۔۔۔۔

محترمہ مظمیٰ خان: ان کا کوئی ٹیسٹ کرایا جاتا، یہاں تو این ٹی ایس کی لائنیں لگا دی جاتی ہیں اور وہاں پہ 230 لوگ ڈائریکٹ ایک انٹرویو کے تھرو بھرتی ہو رہے ہیں۔

جناب سپیکر: مسٹر شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): شکریہ سپیکر صاحب۔ ایم پی اے صاحب کا اپنا جو سوال ہے، دیکھیں جی، یہ سوال تو ایک پرانا ہے، دوسری بات یہ ہے کہ بالکل Recently جو صوبائی حکومت سے انہوں نے جو سوال کیا تھا، وہ جواب ان کو پورا دیا گیا، بہر حال ان کے سوال کو میں ایڈ کر لوں کہ ڈاکٹرز کی جو ہم نے Recently تنخواہیں بڑھائی ہیں، وہ ہم نے اسی وجہ سے بڑھائی تھیں پورے صوبے کیلئے اور پاکستان میں پہلی دفعہ سب سے زیادہ تنخواہیں اب خیبر پختونخوا کی حکومت دے رہی ہے، اس کی وجہ یہ تھی کہ ہم Advertise کرتے، ڈاکٹرز ایک تو کم آتے، پھر جب آ بھی جاتے ان کو انٹرویو کر کے، ان کو Post out کیا جاتا تو وہ اگر پشاور یا

اردگرد کے بڑے شہروں کے علاوہ ان کو کہیں باہر بھیجتے، وہ Arrival ہی نہ کرتے تو ہم کسی کو زور سے پکڑ کر نہیں لے جاسکتے تھے، تو اس کو Tackle کرنے کیلئے ہم نے تنخواہیں بڑھا دیں تاکہ Attractive salaries ہوں اور لوگ اب تو، ابھی جو ہم نے ایڈورٹائزمنٹ کی ہے سپیشلسٹس کی، پورے صوبے میں اس کا Hiring process شروع ہے، ہاں گریڈ 17 کے جتنے ڈاکٹرز ہیں، 395 ہمیں پبلک سروس کمیشن نے بھیج دیئے ہیں، ان کی وہ Scrutiny ہو رہی ہے اور ان کو ان شاء اللہ اگلے ہفتے پوسٹ آؤٹ کر دیا جائے گا اور اس کے علاوہ جو باقی ڈاکٹرز ہیں، ان کی Extension کا مسئلہ تھا، وہ ہم نے Sort out کر لیا ہے، آج ہی اس میں آرڈر ہو گیا، ان شاء اللہ تو وہ بھی اور اس کے ساتھ ساتھ 3800 اور ڈاکٹرز کی Positions، آج اخبار میں بھی آیا ہے، ہم نے اس کی سینکشن لے لی ہے، ان شاء اللہ اس کو ایڈورٹائز کر رہے ہیں، تو پورے اس کو رولز ہم نے Relax کر دیئے تاکہ باقی اس کی جو ضروریات ہیں ہسپتالوں کی، وہ آنے والے مہینوں میں ان شاء اللہ پوری کر دی جائیں گی ان شاء اللہ جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 2743، ثناء اللہ، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔

* 2743 _ <u>صاحبزادہ ثناء اللہ</u>: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) موجودہ حکومت کے دوران دیر بالا میں ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل سٹاف لمبی رخصت پر گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو رخصت پر جانے والے جملہ سٹاف کی تفصیل گریڈ وائز بمعہ ہسپتال بتائی جائے؟

<u>جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر دیر بالا کے زیر نگرانی مختلف ہسپتالوں کے ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل سٹاف جو کہ لمبی رخصت پر گئے تھے یا ہیں، ان کی تفصیل ہسپتال وائز درج ذیل ہے:

S.No	Name	Designation	BPS	Station	Period of leave	Total days
1.	Pass Bahadar	Chowkidar	02	CD Badail	1/3/2014 to 28/2/2016	730
2.	Yaseen Ullah	Sweeper	02	Cat Wan	31/12/2012 to 31/12/2014	730
3.	Hanif Muhammad	Store Keeper	06	Cat Wan	26/11/2012 to 26/11/2014 28/8/2015 to 30/1/2016	730 152
4.	Umar Wahid	Behshti	05	BHU Bin	1/7/2014 to 30/6/2016	730
5.	Ali Saeed	Jr. PHC	02	EPI Wari	11/8/2014 to	210

		Tech MP			8/3/2015	
6.	Jehan Zeb Shah	Word Orderly	09	Cat Barawal	5/11/2015 to 5/3/2016	120
7.	Taj Mahal	Dal	04	Other Hospital	1/9/2015 to 29/12/2015	120
8.	Fazal Subhan	Jr. PHC Tech MP	04	BHU Qulandi	20/3/2015 to 17/7/2015	120
9.	Farkh Naz	Jr. PHC Tech MCH	12	BHU Sheringal	1/12/2015 to 29/11/2016	365
10.	Fazilat	Jr. PHC Tech MCH	12	MCH Wari	1/1/2016 to 31/12/2016	365
11.	Fazal Muhammad	Jr. PHC Tech MP	12	BHU Bin	16/3/2015 to 13/7/2015	120
12.	Ghulam Hazrat	Sr. PHC Tech MP	14	Cat D Wari	1/3/2015 to 28/6/2015	120
13.	Jan Muhammad	D. Attendant	04	RHC Bibyawar	3/11/2015 to 22/12/2015	50
14.	Rahmat Rahim	Driver	06	DHO Office	5/11/2015 to 4/3/2016	120

صاحبزادہ ثناءاللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ وزیر صحت صاحب چې دا کوم جواب ورکړے دے جی، نو په دغې حواله باندې زما د خبرې مقصد دا وو چې په واړې چې زما د پی کے-93 پوره سب ډویژن دے، په دیکښې ډیر څه کسان داسې دی چې دوئ د ملک نه بهر دی، کالونه جی اوشو، پکار خو دا ده چې یو Proper enquiry اوشی۔ یو سړے ډرائیور دے که سویپر دے، په دې یو دغه باندې که تاسو اوګورئ په دې سیریل نمبر1 باندې چوکیدار دے نو چې د هسپتال چوکیدار په هسپتال کښې نه وی، په دې حالاتو کښې، نو دا ډیره د افسوس خبره ده جی چې څوکیدار په هسپتال کښې موجود نه وی نو د هسپتال حفاظت به څوک کوی؟-----

جناب سپیکر: شہرام خان۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: ډاکټران خو ئے هم نشته، علاج، د علاج ئے خو دغه حالت دے۔

جناب سپیکر: وہ آپ کو کوئسچن کا 'ڈیٹیلڈ' جواب دے دے گا۔

سینئر وزیر (صحت): زه جی، ایم پی اے صاحب سحر هم راغلے وو، یقیناً دوئ په خپله حلقه کښې او د هسپتالونو حوالې سره د دوئ ډیر Concerns هم دی او ډیر سیریس هم دی، نو د دوئ Effort appreciate کوم، نن هم راغلی وو، د

ډاکټرانو حوالې سره یا نور څیزونو سره، هغه ورله مونږ Sort out کوؤ۔ زما وختی چې کوم سوال ایم پی اے صاحبې کړے وو، د هغې حوالې سره چې سټاف دے خو دوئ د ریلیف کومه خبره کوی، که دوئ وائی چې مونږ پکښې انکوائری اوکړو، ما ته هیڅ اعتراض نشته دے، زه به نن آرډر ورکړم، د ګل د ورځې نه به ان شاء اللّٰه انکوائری اوشی، هغه Clarity به راشی چې کوم سړے کوم ځائې دے او هغې باندې Already چونکه مونږ ډیپارټمنټ ته وئیلی دی چې کوم کوم سټاف په چهټئ دے، کوم کوم راغلے دے، د هغوی سکروټنی اوکړئ او کوم چې د چهټئ نه علاوه دی، د هغوی خلاف قانونی کارروائی Already order شوے دے چې هغه Across the board د په ټوله صوبه کښې چې کوم ځائې کښې دی نو هغه به Clarity راشی۔ که دوئ نور څه ډیټیل غواړی، زه ورته هر وخت Available یم، نن هم راغلے وو، Monday باندې به ورسره زما سټاف یا د اسمبلئ کوئسچن نه پس کښیناستل اوشی، د دوئ کوم Concerns دی، مونږ به ئے ایډریس کړو ان شاء اللّٰه خو زه دا وایم، یو دې هاؤس ته به هم دا ریکویسټ کوم، مونږ باندې اکثر دا دغه راشی چې یره یو سړے چهټی غواړی، که مونږ یو پالیسی جوړه کړو، ایم پی اے صاحب حوالې سره نه وایم خو یو جنرل خبره کوم او بیا مونږ وایو چې یره چهټی مونږ نه ورکوؤ Until, unless certain criteria نه پوره کوی نو بیا ممبرانو باندې هم پریشر وی، هغوی هم بیا مونږ پسې راځی چې یره چهټی دې ډاکټر له یا دې فلانی سړی له ضروری ده، که ورکوؤ نو دا مسئله راځی، که نه ورکوؤ نو بیا ظاهره خبره ده په هغوی باندې پریشر پاتې کیږی نو یو کلیئر دغه چې کوم دے نو که دې هاؤس نه مونږ طرف ته یو سپورټ یو دغه راځی، زه Principle stand اخلم، مونږ د هغې خبرې نه بیا نه وروستو کیږو ان شاء اللّٰه۔

<u>جناب سپیکر</u>: شهرام خان! انکوائری آرډر کړه، زما خیال دے چې ستاسو به دغه اوشی۔ نیکسټ، 2745، صاحبزاده ثناء اللّٰه صاحب، پلیز۔

* 2745 _ <u>صاحبزادہ ثناءاللہ</u>: کیاوزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع دیر حلقہ پی کے۔93 میں واقعہ کیٹگری ڈی ہسپتال، آر ایچ سیز، بی ایچ یوز اور ڈسپنسریوں میں ڈاکٹر، ٹیکنیکل سٹاف اور کلاس فور کی آسامیوں پر لوگ تعینات ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال آر اچ سیز، بی اچ یوز اور ڈسپنسریوں میں تعینات عملہ کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے، نیز خالی آسامیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ ضلع دیر حلقہ پی کے۔93 میں واقعہ مذکورہ ہسپتال بی اچ یوز، آر اچ سیز اور ڈسپنسریوں میں تعینات عملہ اور خالی آسامیوں کی تفصیل ہسپتال وائز درج ذیل ہے:

Category "D" Hospital Wari

S.No	Nomenclature of Posts	BPS	Sanctioned	Filled	Vacant
1.	Medical Officer (Cont. Slab-lii)	19	1	0	1
2.	Children Specialist	18	1	0	1
3.	Gynecologist	18	1	0	1
4.	Medical Officer	18	1	1	0
5.	Physician	18	1	0	1
6.	Surgeon	18	1	0	1
7.	Senior Medical Officer	18	1	0	1
8.	Medical Officer	17	4	4	0
9.	Primary Health Care Technologist (MP)	17	1	1	0
10.	Dental Surgeon	17	1	1	0
11.	Charge Nurse	16	10	5	5
12.	Chief PHc Technician (Multi Purpose)	16	1	1	0
13.	Chief PHC technician (MCH)	16	1	1	0
14.	Senior Clerk	14	1	1	0
15.	Clinical technician (Pharmacy)	12	1	1	0
16.	Clinical Technician (Pathology)	12	1	1	0
17.	Primary Health Care Technician (Multi Purpose)	12	1	1	0
18.	Senior PHC Technician (Multi Purpose)	12	1	1	0
19.	Junior Clerk	11	2	4	0
20.	Clinical Technician Primary Health Care (MCH)	9	1	1	0
21.	Junior Clinical technician (Anesthesia)	9	1	2	0
22.	Junior Clinical Technician (Pathology)	9	4	1	0
23.	Junior Clinical technician (Cardiology)	9	1	1	0
24.	Junior Clinical technician (Surgical)	9	2	2	0
25.	Junior Clinical technician (Dental)	9	1	1	0
26.	Junior Clinical technician	9	1	1	0

	(Pharmacy)				
27.	Junior Clinical Technician (Radiology)	9	1	1	0
28.	Store Keeper	6	1	1	0
29.	Electrician	5	1	1	0
30.	Fitter Mechanic Mistry	5	1	1	0
31.	Driver	4	3	3	0
32.	Dai	2	1	1	0
33.	Dental Attendant	2	1	1	0
34.	Leboratory Attendant	2	1	1	0
35.	Ward Orderli	2	5	5	0
36.	X-Ray Attendant	2	1	1	0
37.	Chowkidar	1	2	2	0
38.	Dhobi	1	1	1	0
39.	Mali	1	2	2	0
40.	Sweeper	1	3	3	0
41.	Sanitary Petrol	1	1	1	0
42.	Naib Qasid	1	1	1	0
43.	Behshti	1	1	1	0
			70	59	11

S.No	RHC Naig Bandi	BPS	Sanctioned	Filled	Vacant
1.	Medical Officer	17	2	1	1
2.	Dental Surgeon	17	1	0	1
3.	Charge Nurse	16	1	0	1
4.	Junior Clerk	11	1	1	0
5.	Junior PHR Technicain (MP)	9	2	2	0
6.	Junior Clinical Technician (Pathology)	9	1	1	0
7.	Junior Clinical Technician (Cardiology)	9	1	1	0
8.	Junior Clinical Technician (Dental)	9	1	1	0
9.	Junior Clinical Technician (Radiology)	9	1	1	0
10.	Junior PHC Technician (MCH)	9	1	1	0
11.	Driver	4	1	1	0
12.	Dai	2	1	1	0
13.	Ward Orderli	2	3	3	0
14.	Ward Attendant	2	0	0	0
15.	X-Ray Attendant	2	1	1	0
16.	Behishti/Sweeper	1	3	3	0
17.	Chowkidar	1	1	1	0
18.	Sweeper	1	22	19	3

List of Health Facilities in PK-93

S.No	Type of Health Facility	Name of Health Facility	Tehsil	UC
1.	Category “D” Hospital Wari	Category “D”	Wari	Wari
	Total	1		
2.	Rural Health Centers	RHC Bandi Nehag	Wari	Bandi Nehag
	Total	1		
3.	MCH Center	MCH Center Wari	Wari	Wari
	Total	1		
4.	Civil Dispensaries	CD Jatgram	Wari	Jatgram
5.	Civil Dispensaries	CD Shalgah	Wari	Shalgah
6.	Civil Dispensaries	CD Badali	Wari	Bandi Nihag
7.	Civil Dispensaries	CD Shenkari	Wari	Akhagram
	Total	5		
8.	Basic Health Units	BHU Pahta	Wari	Akhagram
9.	Basic Health Units	BHU Akhgram	Wari	Akhagram
10.	Basic Health Units	BHU Malanga	Wari	Disl;or
11.	Basic Health Units	BHUPatawo	Wari	Kotakay
12.	Basic Health Units	BHU Kakad	Wari	Wari
13.	Basic Health Units	BHUDiskore	Wari	Wari
14.	Basic Health Units	BHU Nasir Abad	Wari	Chapar
15.	Basic Health Units	BHU Jalar	Wari	Jallar
16.	Basic Health Units	BHU Sundal	Wari	Sundal
17.	Basic Health Units	BHUNihag	Wari	Nihag
18.	Basic Health Units	BHUBaradar	Wari	Kotkay
Total		11		

Sanctioned posts for each BHU PK-93					
			Sanctioned	Filled	Vacant
1	Medical Officer	1	11	11	0
2	Jr. PHC Technician	2	22	22	0
3	Jr. PHc tech MCH	1	11	11	0
4	Ward Orderly	1	11	11	0
5	Dai	1	11	11	0
6	Behshti	1	11	11	0
7	Chowkidar	1	11	11	0

Sanctioned posts for each CD PK-93					
			Sanctioned	Filled	Vacant
1.	Jct. Pharmacy	1	4	4	0
2.	Ward Orderly	1	4	3	1

3.	Behshti	1	4	4	0
4.	Chowkidar	1	4	4	0

Sd/xxxx
District Health Officer
District Upper Dir

صاحبزادہ ثناءاللہ: د وزیر صحت صاحب دا جواب چې کوم دے جی، زه ترې مطمئن یم، دې اوسنی د جواب نه چې یره دوئ وائی چې مونږه کلرکان نه دی بهرتی کړی، کلیریکل سټاف مونږ په دې وخت کښې نه دے بهرتی کړے خو زه دا یوه خبره جی کوم چې کلاس فور ملازمینو تعلق اکثر د لینډ ډونرز سره وی، پکار خو دا ده چې څوک لینډ ډونر وی نو چې هغه پرې بهرتی کیږی-----

جناب سپیکر: ته مطمئن ئې، مطمئن ئې ته؟ نیکسټ، نیکسټ، خپل کوئسچن ته لاړ شه 2843۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: زما خیال دے سپیکر صاحب! بیا خو-----

جناب سپیکر: کوئسچن، تا اووئیل چې زه مطمئن یمه۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: نه جی، د دې یوې خبرې، یو خبره ورته کوم کنه جی۔

جناب سپیکر: هں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: چې پکار خو دا ده چې لینډ ډونر بهرتی کیږی، دلته داسې اوشی چې لینډ ډونر غریب خبر نه وی او د بلې حلقې نه ئے سړے بهرتی کړے وی نو پکار ده چې، منسټر صاحب ته زه دا ریکویسټ کوم چې دا خبره یقینی کړی چې هغه خلق بهرتی کیږی چې د چا حق وی۔

جناب سپیکر: او کے۔ شهرام خان، شهرام خان! یو منټ، دا بل کوئسچن هم ته اوکړه، دا به یو ځائې شریک جواب درکړی، 2843 دواړه اوکړه، دواړه به درته بیا Respond کړی۔

* 2843 _ صاحبزادہ ثناءاللہ: کیاوزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع دیر اپر میں واقع یونین کونسل نہاگ میں RHC کی منظوری ہو چکی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ RHC کی منظوری کی تاریخ، ٹینڈر کی تاریخ اور موجودہ پوزیشن بمعہ جملہ کاغذات فراہم کی جائے، نیز مذکورہ RHC کی تعمیر کی مد میں ٹھیکہ دار کو ملنے والی رقم / ادائیگی کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) اس سلسلے میں عرض ہے کہ یونین کونسل نہاگ میں آر ایچ سی کی منظوری نہیں ہوئی، مذکورہ یونین کونسل میں 1990 سے 1992 میں تھرڈ ہیلتھ پراجیکٹ نے ایک آر ایچ سی بنائی تھی جو کہ ابھی بند پڑی ہے جسکی بلڈنگ خراب ہو چکی ہے اور Equipment بھی موجود نہیں۔ محکمہ صحت نے تزئین وآرائش کیلئے اور آر ایچ سی کو روڈ پہنچانے کا پی سی-I بنایا ہے جس کو صوبائی حکومت صحت نے مراسلہ نمبر PO-VI/H/4-931/Parsa/Vil-VI/2015 dated 10-06-2015 کے تحت پی ڈی ایم اے کو ارسال کیا ہے، جیسے ہی اسکی تزئین و آرائش پی ڈی ایم اے کرے گی، آر ایچ سی مذکورہ کو باقاعدہ طور پر کھول دی جائے گی۔ ابھی نہاگ بی ایچ یو میں مریضوں کا علاج معالجہ کیا جاتا ہے۔ مذکورہ یونین کونسل میں ایک بی ایچ یو کی منظوری ہو چکی ہے جس کا نام ماتوڑ بی ایچ یو ہے لیکن سی اینڈ ڈبلیو نے ابھی تک مذکورہ بی ایچ یو محکمہ صحت کے حوالہ نہیں کیا ہے۔

(ب) ضرورت کے پیش نظر خیبر پختونخوا حکومت نے پندرہ بی ایچ یوز جس میں بی ایچ یو نہاگ کی منظوری 2010-11 کو Under ADP scheme No. 190/Cod No. 89644 Establishment of Khyber Pakhtunkhwa ہوئی ہے، یہ سکیم 2013-14 کو 59.862 ملین لاگت سے مکمل ہو چکی ہے۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر! په دې جواب کښې دا باندې آر ایچ سی باندې، دا پیج خو ښکاری نه، دا یو آر ایچ سی جوړه شوې ده خو تر ننه پورې په دې آر ایچ سی کښې نه ډاکټر شته، دا بنده پرته ده۔ د دې سټاف په نورو هسپتالونو کښې دے، تر ننه پورې په هغې کښې ماسوائې د څوکیدار نه هیڅوک موجود نشته دے۔ د بی ایچ یو چې کوم سټاف دے، هغه خپله بی ایچ یو چلوی خو د آر ایچ سی چې کوم سټاف دے، هغه سټاف تر اوسه پورې په دغه هسپتال کښې حاضری هم نه ده کړې، نو که دوئ دا جواب کوم ورکړے دے۔

جناب سپیکر: ثناء الله صاحب! دا کوم کوئسچن دے؟ دا 2843 چیک کړه ته۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جی جی، دا دے-----

جناب سپیکر: 28۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: یو منټ جی، زہ ئے ګورم۔

جناب سپیکر: تہ بل کوئسچن تہ لاړې۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: یونین کونسل نہاګ والا، هم دا خبره کوم جی کنه۔

جناب سپیکر: دا 2843 تہ چیک کړه۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا 2745 دے جی۔

جناب سپیکر: دا خو ما سره نشته، دا 2843، 2843 ، دا نشته؟

صاحبزادہ ثناءاللہ: هں جی، دا زما په دې کاپۍ کښې نشته جی، دا حالت دے جی نو، د دغې جواب په د پکښې نشته دے ، دا د بل یو دے۔

جناب سپیکر: دا چا؟ تاسو چیک کړئ، دا کوم یو دے؟

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا هسپتال په 1990 سے 1992 تھرڈ پراجیکٹ نے آر ایچ سی بنائی تھی جو کہ ابھی بند پڑی ہے، نو دوئ پخپله باندې ایډمټ کوی چې څه پکښې شته دے نه، نو پکار خو دا دی چې هسپتال جوړ شی نو په هسپتال کښې سټاف پکار دے ، په هسپتال کښې دوئ پخپله ایډمټ کوی، نو زه به هغې باندې Further څه سوال کوم، دوئ وائی چې سامان پکښې، 'ایکوپمنټ' پکښې هم نشته دے او څوک پکښې موجود نشته دے ، په جواب کښې پخپله لیکلی دی جی۔

جناب سپیکر: شہرام خان!

سینئر وزیر (صحت): دا کوئسچن نمبر را ته لږ اووایئ، Sorry جی زه۔۔۔۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: 2843۔

جناب سپیکر: 2843۔

سینئر وزیر (صحت): 2843 خو زما په دغه کښې نشته جی، .I am sorry، 27 به وی جی، نیکسټ کوئسچن 2745 دے۔

جناب سپیکر: تاسو چیک کړئ جی، دا 2843 چیک کړئ۔ (مداخلت) هں دا ځنګه شوے دے ؟

سینئر وزیر(صحت): ټھیک شوه جی، ټھیک شو، لاسټ کوئسچن، ما سره لاسټ دے۔

جناب سپیکر: او شته، Okay okay, agree

سینئر وزیر(صحت): داسې کار دے چې دا بی ایچ یو شته، هلته آر ایچ سی دوئ چې کوم Date یاد کړو، په هغې کښې جوړ شوے دے، بیا ډیپارټمنټ ته Handover شوے نه دے، دا په تیر دور کښې مخکښې، ډیر مخکښې داسې څه آر ایچ سی، بی ایچ یو وغیره په ټوله صوبه کښې یا هیلتھ سنټر جوړ شوے وو چې کوم د فیډرل ګورنمنټ د یو پروګرام د لاندې جوړ شوے وو او هغې کښې چې کوم دے نو بیا دغه وو، دیکښې بی ایچ یو په دغه یونین کونسل کښې شته، آر ایچ سی مونږ ته نه ده Handover شوے، چې کله آر ایچ سی Handover شی مونږ به ورله بالکل سټاف ورکوؤ، مونږ به 'ایکوپمنټ' هم ورکوؤ، مونږ Bound یو چې دا کار مونږ اوکړو خو بهرحال که دوئ ته پکښې څه Confusion یا زما Clarity کښې یا دیکښې، زما سیکرټری ناست دے، د دې Questions/ Answers د دغه نه پس زه ایم پی اے صاحب سره کښیناستې شمه جی۔

جناب سپیکر: جی ثناء اللہ صاحب، ثناء اللہ صاحب پلیز۔

صاحبزاده ثناء اللہ: دا جی په 2005 /2004 کښې یو آر ایچ سی منظور شوې وه، هغه تر اوسه پورې مکملیږی نه، زه خو هم دا وایمه کنه جی، زما چې څومره سوالات راغلی دی نو دا په بدنیتئ به نه وی جی، دا د محکمې د تنګولو د پاره به نه وی، دا به د اصلاح د پاره وی، زه دا وایم چې دا په 2004/2005 کښې یو بلډنګ شروع شی او 2016 شو او بلډنګ مکمل کیږی نه، اوس به د دې نه پس به دا مکمل کیږی، نو چې کله دا بیا هغه ته Handover کیږی نو هغه بلډنګ به ختم شوے وی، نو زه وایم چې د داسې هسپتالونو د جوړولو ضرورت به څه وی چې په لس کاله کښې او په دولس کاله کښې هسپتال نه مکمل کیږی ؟

جناب سپیکر: شهرام خان! اهم خبره ده، پلیز د دې نوټس ته خپله واخله او دا چیک کړه کنه جی۔

سینئیر وزیر (صحت): ما جي دا ځان سره نوټ کړل، زما سيکرټری صاحب ناست دے، هغوی هم ځان سره نوټ کړی دی او زه ورته د دې ځائې نه وايم چې بالکل مونږ چونکه ډيپارټمنټ خو يو آرډر Place کړی، بيا سی اينډ ډبليو ډيپارټمنټ يا Concerned چې هر يو وی، هغوی هغه بلډنګ سټرکچر پوره کوی، Concern ئے بالکل ټهيک دے، Valid دے، خبره ئے بالکل ټهيک ده چې دا زمونږ د ډيپارټمنټ خپله هم Concern دے او د دې هاؤس د هر ممبر به دا Concern وی چې يو شے په ټائم پوره شی نو د هغې به خلقو ته فائده وی، دوئ به ورسره شی، کميټی به ورله جوړه کړو، سی اينډ ډبليو به شی، هيلتھ ډيپارټمنټ به شی، دوئ به په هغې کميټئ کښې چې کوم دے نو دوئ به هم پکښې شی، دوئ به يو ځائې د هغه ځائې وزټ اوکړی، څه چې په کوم ځائې د کوم ډيپارټمنټ کمی بيشی وی، هغه به ختمه شی او ان شاء الله We will work it out, I hope چې ايم پی اے صاحب په دې باندې Satisfied به وی۔

جناب سپیکر: ثناء الله صاحب! داسې به اوکړو، بريک کښې شهرام خان سره او د دوئ 'کنسرنډ' سيکرټری سره کښينئ نو ستاسو دا ايشو چې هلته ډسکس شی، هغه وائی چې تاسو څه Possible help وی، هغه به اوکړی۔ سيکرټری صاحب د دوئ ناست دے هلته، ټهيک شو جی، بريک کښې به تاسو دوئ سره چې دے نو شهرام خان! ټائم ورکړئ او دا لږ ډسکس کړئ ورسره۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: سپيکر صاحب! داسې ښکاری چې دا يو جوائنټ مسئله ده جی، د بی ايچ يو هم دا حالت دے، د آر ايچ سی هم دا حالت دے، ما وختی منسټر صاحب ته يو خبره اوکړه، کيټګری ډی هسپتال د واړئ په 2004/2005 کښې جوړ شوے دے، د هغې بنګلې تر اوسه، پيمنټ ټول شوے دے، ټهيکيدار پيسې هم اخستې دی خو زه اوس په دې نه پوهيږم چې ټهيکيدار پيسې لس کاله مخکښې اخستې دی او هسپتال داسې پروت دے، دا تپوس د چا نه اوکړم؟ ما ته خو ډيپارټمنټ هم نه دے معلوم، نو ما وئيل چې يره نور وس مې نه کيدو نو ما وئيل چې که دې وزير صحت صاحب ته څه معلومات پکښې وی او يا زمونږ رهنمائی پکښې اوکړی نو ښه به وی ځکه چې ټهيکيدار پيسې اخلی، دا بدقسمتی نه ده

جی؟ چې څلور کروړه او پينځه کروړه روپئ هغه واخلی، په جيب کښې ئے کيږدی۔

جناب سپیکر: اؤ جی۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: د تپوس ترې څوک وی نه اؤ بل طرف ته مونږه بيا چغې د انصاف۔۔۔۔

جناب سپیکر: اؤ، اوبه شی۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: انصاف او دا څيز، دا زما خيال دے دواړه چې دی، متضاد دی۔

جناب سپیکر: کونسچن، کونسچن۔

سینیئر وزیر (صحت): دا داسې کار دے جی چې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری، سپلیمنٹری، پلیز۔

سینیئر وزیر (صحت): جی جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: محکمه صحت حوالې سره خبره ده او دا انتهائی اهميت حامل محکمه هم ده جی، نو زه د دې سوال په وساطت باندې جناب منسټر صاحب په نوټس کښې دا خبره راوستل غواړمه چې په غازی پالس کوهستان کښې يو ټی بی سی جوړه ده، تقريباً پينځه کاله اوشو محکمې ته Handover هم ده، هغې کښې ايکسرے پلانټ هم شته، ليبارټری پکښې هم شته، کوهستان غونډې علاقه کښې ليکن تر اوسه پورې يو ډاکټر پکښې نشته جی۔ هغه شته ليبارټری، ايکسرے، دا شته، سامان ضائع کيږی او دغه وجې نه خلق دغه ليبارټری ټيسټ او ايکسرے د پاره کم سے کم بل ځائې ته، شانګلې ته ځی جی، نو لهذا زه د ده په نوټس کښې دا خبره راوستل، سيريس دا خبره د واخلی جی، بالخصوص زنانه ته، بچو ته انتهائی سخت تکليف دے جی نو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شہرام خان! پلیز۔

جناب محمد عصمت اللہ: نو زمونږه فعال نوجوان منسټر دے جی، نو زه توقع لرم چې دوئ به دا مسئلې حل کړی۔

سینیئر وزیر (صحت): جی، بالکل ایم پی اے صاحب! ستاسو خبره مونږ ځان سره نوټ کړه، زما سیکرټری صاحب بیا وایم چې شاته ناست دی، هغوی به هم ځان سره دا خبره نوټ کړې وی۔ مونږ د Hiring چونکه کوهستان خصوصاً او ایم پی اے صاحب حوالې سره اول د هغوی سوال جواب ورکړم۔

جناب سپیکر: جی جی۔

سینیئر وزیر (صحت): د دوئ چې څنګه Concerns دی، دا زما هم دی جی، او زه بالکل کلیئر دې ځائې کښې دا ځان دغه کول غواړمه چې ډیپارټمنټ داسې هیڅ قسم څه مجبوری نشته چې کوم ځائې کښې فالټ دے، هغه به مونږ ټهیک کوو، دا زمونږ Responsibility ده، هی، بل ډیپارټمنټ سره مسئله ده، چونکه بلډنګ جوړیږی، هغې باندې ټائم اولګیدو، هغه زمونږ هم Concerns دی، نو د هغې حوالې سره د صاحبزاده صاحب حوالې سره زه بیا دا وئیل غواړم چې دوئ به راشی، بلکه که دوئ وزټ کول غواړی، زما د ډیپارټمنټ کسان به هم شی، سی اینډ ډبلیو به شی، منسټر صاحب ته به هم ریکویسټ اوکړو هغوی به هم ټیم کړی، د دوئ په سربراهی کښې د لاړ شی، وزټ د اوکړی، رپورټ به مونږ له راکړی۔ که د هیلتھ ډیپارټمنټ په حوالې سره څه کمزورئ وی، هغه به مونږ ختم کړو، که سی اینډ ډبلیو حوالې سره وی او که پیسې پکار وی، پیسې به ورله نورې ورکړو او ایم پی اے صاحب چې څنګه خبره اوکړه، بالکل جی Hiring روان دے، پیرامیډیکس هم مونږ اخلو، ان شاء اللّٰہ ډاکټران هم مونږه اخلو، تنخواګانې زه بیا وایم مونږه چونکه کوهستان ډیر Far flung area ده او هلته ډاکټر تلو ته نه وی تیار، نو مونږ د هغوی تنخواګانې د ټولو نه زیاتې بړهاؤ کړې، دې کیټګری سی کښې کوهستان هم راځی نو ان شاء اللّٰہ چې کوم نوی ډاکټران مونږ اخلو، هغې کښې پراسیس روان دے، څه 395 ایم اوز دی، نور سپیشلسټان دی، هغه به دوئ ته ان شاء اللّٰہ ځی او دوئ سره به هم چې کوم دے نو زما سیکرټری صاحب دغه نه پس به ما سره کښینی نو هغه به مونږ تاسو سره ډسکس کړو ان شاء اللّٰہ، بالکل به کوؤ جی۔

جناب سپیکر: نیکسټ، نیکسټ، مولانا صاحب۔

مولانالطف الرحمان(قائد حزب اختلاف): نه جی سپیلیمنتری خو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر:اچھا، مولاناصاحب، مولانالطف الرحمان صاحب سپلیمنٹری،اوکے، مولاناصاحب سپلیمنٹری کریں،اس کے بعد آپ۔

قائد حزب اختلاف: شکریہ سپیکر صاحب۔ میں یہ کوئسچن کرنا چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے، وزیر صحت سے کہ یہ بتایا جائے کہ یہ بی ایچ یوز اور آر ایچ سیز جو ہیں، یہ حکومت کے پاس ہیں یا ٹھیکے پر دیئے جا چکے ہیں، پی پی ایچ آئی کو یا پی پی پی کو، یہ بتایا جائے کہ یہ ٹھیکے پر ہیں یا حکومت کے پاس ہیں ؟

جناب سپیکر: مولاناصاحب!اس کیلئے فریش کوئسچن لائیں جی،پلیز آپ فریش کوئسچن لیکر آئیں جی۔

قائد حزب اختلاف: اسی ضمن میں ؟

جناب سپیکر: ہاں جی، سردار، سردار حسین صاحب،پلیز سپلیمنٹری۔

جناب سردار حسین (چترالی): ہاں سپلیمنٹری ہے سر، میں وزیر صحت سے ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ میرے حلقے میں 2007 میں سیلاب آیا تھااور ایک بی ایچ یو مکمل طور پر تباہ ہوا، 2009 میں اس کی دوبارہ تعمیر شروع ہو گئی اور 2012 میں وہ کمپلیٹ ہو گیاہے اور بلڈنگ تیار ہے لیکن سیکرٹری صاحب اس میں جانے کیلئے Approval نہیں دے رہے ہیں،اس لئے ٹھیکہ داروں نے اس کو بند کیا ہوا ہے۔ مسئلہ یہ ہے، وہ کہتے ہیں کہ چھ مہینے لیٹ کیوں ہوا؟ چھ مہینے لیٹ کرنے کیلئے انہوں نے دو سال تک Approval نہیں دی ہے، دو سال خود لیٹ کیا ہے، ایک سال چھ مہینے کیلئے دو سال لئے، اب ایک اخروٹ کے نیچے او پی ڈی ہو رہی ہے، سٹاف بھی موجود ہے، دوائیاں بھی جاری ہیں، بلڈنگ بند ہے۔ پانچ چھ دفعہ میں وزیر صاحب کے دفتر میں خود گیا ہوں، ابھی میرے خیال میں آپ مہربانی کر کے مجھے Surety دیں کہ آپ کب اس اخروٹ کے درخت سے اس تیار بلڈنگ میں،اس پہ شفٹ کریں گے ؟

جناب سپیکر: شہرام خان، شہرام خان، شہرام خان۔

